# ۲۔ مجسمہ

## ۲ء۱ کاغذ کام


### (۱) پھاڑنا




### (۲) چُرمرانا



### (۳) تہہ کرنا





S3XTGV


**پھاڑنا :** بچوں کو کاغذ پھاڑنا بہت اچھا لگتا ہے۔ کاغذ پھاڑتے وقت پیدا ہونے والی آواز سے بھی وہ لطف اُٹھاتے ہیں۔ درج بالا طریقے سے کاغذ پھاڑ کر چسپاں کرکے (کولاج) تصویر بنانے کے لیے کہیں۔

**چُرمرانا :** الگ الگ رنگ کے کاغذ پھاڑ کر انھیں چرمرا کر ان کے چھوٹے چھوٹے گولے بنانے کے لیے کہیں اور اپنی پسند کی سادہ شکلیں چپکانے کے لیے کہیں۔

**تہہ کرنا :** دو پیپر ڈِش (کاغذ کی پلیٹ) لے کر ان پر درج بالا کی طرح سرگرمی انجام دینے کے لیے کہیں۔ خوبصورت کاغذ کی تھیلی بنانے کے لیے کہیں۔

## ۲ء۲ مٹّی کام










اپنے آس پاس آسانی سے دستیاب ہونے والی مٹی لے کر اس میں پانی ملانے کو کہیں۔ تیار ہونے والے مٹی کے گولے سے اپنی پسند کی چیز، شکل بنانے کے لیے کہیں۔